روڈ نمبر 303 گانے نمبر ۱

میرا دِل گیا ۔ تو کہاں گیا

میرے دِل کا پتہ ۔ مجھے ہائے بتا ۔ نہ ستا نہ ستا
میرا دِل گیا تو کہاں گیا

دِل ناز کا پالا تھا ۔ لاکھوں میں نرالا تھا
تو نے تو مگر ڈالی وہ نظر ۔ نہ بچا نہ بچا
میرا دِل گیا تو کہاں گیا

آنکھوں نے چرایا ہے، پلکوں نے چھپایا ہے
کہے لاکھ نہیں نہیں ترا یقین ۔ نہ چھپا نہ چھپا
میرا دِل گیا ۔ تو کہاں گیا

دِل دے کے بہانہ کیا ۔ اِتنا بھی ستانا کیا
یہاں دیکھ لیا ۔ وہاں دیکھ لیا ۔ نہ ملا نہ ملا
میرا دِل گیا تو کہاں گیا

گانا نمبر ۲

لڑکا:۔ سوری سوری ویری سوری آپ کی قسم
لڑکی:۔ کوئی دیکھ لیگا میرے پیچھے ڈونٹ کم
لڑکا:۔ "شیڈ" یعنی سایہ بن کے ہم
تمہارے پیچھے پیچھے آئیگا ۔ نہ جائیگا
جی چاہے جو کرو

"تھیف" یعنی چور چور کہہ کے
ہم پٹھان کو بلائیگا - بھگائیگا
جی یہ بھی سوچ لو

سوری سوری ویری سوری

"جیم" یعنی کیوں سمجھ رہا ہے پیار کو
نہ دل جلا تو بھاگ جا ابھی ہی ہے بھلا
"شیم" یعنی شرم کی یہ بات ہے میرے لئے
جو تیرے جیسی بیوفا کو میں نے دل دیا
سوری سوری ویری سوری

"لاف" یعنی ہنسکے ایک بار ہم کو دیکھ لے
کہ ہائے دل پہ دستے گھر لوٹ جائیں ہم
"ویپ" یعنی رو کے تو یہاں سے آج جائیگا
کہ ہوتے ہوتے ہوگیا ہے سر میرا گرم
سوری سوری ویری سوری

گانا نمبر ۳

پہلی بار ملے ہیں دو دیوانے اچھا جی
ہو جائیگا پیار کسی نہ کسی بہانے اچھا جی
آنکھوں نے آنکھوں سے ملکر کھولے سارے راز
میرے دل نے تیرے دل کی سمجھی ہے آواز
سوچو تم ہی سمجھو آگے کیا ہوگا - پہلی پہلی بار
باتوں ہی باتوں میں تو نے چھیڑے دل کے تار

ہنستے ہنستے ہم یہ کیسا کر بیٹھے اقرار
چھوڑو جی پچھتانا کیسا ہوا جو ہونا تھا - پہلی پہلی بار -
ہم نے تم سے تم نے ہم سے کہہ دی دل کی بات
ہاتھ بڑھا کر ہاتھ ملا لو
رہیں گے دونوں ساتھ
اپنا کیا کرے گی دنیا دیکھا جائیگا - پہلی پہلی بار -

گانا نمبر ۲

بُرا ہے نہ گانا - بُرا نہ بجانا
اِتنا تو جان کیا چیز یہ کلا ہے
اِتنا تو مان کرنے کی وِدیا ہے
بُرا ہے نہ گانا - بُرا نہ بجانا - یہ فن پُرانا
متھرا نگر کی کنج گلین میں دیکھی ہم نے دھوم رے
مُرلی کی وہ تان رسیلی منوا جائے جھوم رے
دِل کو ہر ایک ناچ جھنجھوڑے ٹھمک کے یوں باجیں توڑے -
بُرا ہے نہ گانا

دور دکھن میں جا کر دیکھی دنیا سُر اور تال کی
چھن چھنا چھن بجے مجیرے گونجیں تھاپیں نال کی
دِل پہ ذرا بھی رہے نہ قابو - بھارت نیٹم دیکھ کے بابو
بُرا ہے نہ گانا

ہیر سیالے گھر کے بازو آئے جب پنجاب میں
ناچ وہ دیکھا رنگ رنگیلا جو نہ دیکھا خواب میں

بُوڑھا بچہ تنجا لنگڑا جب کو دیکھا ناچے جھنگر
منڈے مر گئے کمائیاں کر دے
کہ کچھی تیرے سبد نہ جیے بلے بلے بے
بُرا ہے یہ گانا

گانا نمبر ۵

دِل کو یہ کیا ہوا
تاروں کی چھاؤں میں، مہکی ہواؤں میں
چپکے سے کھو گیا.... دِل... چپکے سے کھو گیا
دِل کو یہ کیا ہوا
مَیں نے خوشی کا دیکھا سویرا۔ جاگا اُجالا ڈوبا اندھیرا
موسم بھی ہے جوان۔ جھومے یہ آسماں
رنگین فضاؤں میں چپکے سے کھو گیا۔ دِل..
چپکے سے کھو گیا
دِل کو یہ کیا ہوا
میری نظر میں ہیں وہ نظارے
دیوانہ کر دیں جن کے اِشارے
ساگر یہ جھوم کے لہروں کو چوم کے
سپنوں کے گاؤں میں چپکے سے کھو گیا
دِل.. چپکے سے کھو گیا ۔ دِل کو یہ کیا ہوا
مجھ کو بلا رہیں پھولوں کی باہیں
ہنستی ہیں میرے جیون کی راہیں

سُن کے بہار کی مستانہ راگنی
میٹھی صداؤں میں چپکے سے کھو گیا
دِل.. چپکے سے کھو گیا - دِل کو یہ کیا ہوا

گانا نمبر ۲ - یہ سُن لو مہرباں مشکل جینا یہاں - آئے تم کہاں
آنکھیں یہ کالی کالی - بانکے نشانے والی
جائے نہ وار خالی - بچنا ———
دیکھو نہ ایسے دیکھو - ہم پہ نظر نہ پھینکو
سمجھو نہ بھولی بھالی - بچنا ——
بجلی ہوں جو بھی چھو لے - لگیں نشو جھٹکے
لگیں نشو جھٹکے - یہ سُن لو ——
دِل کو ذرا سمجھا دو - نہ ہم سے اٹکے
نہ ہم سے اٹکے - یہ سُن لو - ہائے ہائے اے
زُلفیں گھٹا کہلائیں - گھٹا بھی ایسی، گھٹا بھی ایسی کے توبہ
میرے اشارے بھی قاتل - ادا بھی ایسی
ادا بھی ایسی کے توبہ.... ہائے ہائے - آنکھیں...
رہنا سنبھل کے رہنا - نہ پھر پچھتانا
نہ پھر پچھتانا - کہیں تم
کہتی ہوں دیکھو دیکھو نہ مارے جانا
نہ مارے جانا - کہیں تم - ہائے ہائے
آنکھیں یہ کالی کالی ----

ختم شُد

ایک ہزار روپے کی گھڑیاں مفت انعام

اصلی بال کالا تیل نمبر ۱۰ سب سے بڑھیا

ہمارے مشہور بال کالا تیل کے استعمال سے سفید بال کالے ہو جاتے ہیں اور پھر گرنے ہی پیدا ہوتے ہیں یہ بے نظیر سیاہی تحفہ ہے سوائے ہمارے دوسری جگہ نہ ملے گا گرتے ہوئے بالوں کو دور کرتا ہے بالوں کو لمبا گھنگھریالے دار چمکدار بنا دیتا ہے گنجے پن کو دور کرتا آنکھوں اور دماغ کو طاقت دیتا ہے یادداشت بڑھاتا ہے بہت خوشبودار ہے قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ ڈاک الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپے اس تیل کو مشہور کرنے کیلئے ہر ایک شیشی کے ساتھ دو فینسی رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سونا لندن نیو گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے تین شیشی کے خریدار کو ڈاک خرچ معاف اور چھ گھڑیاں اور چھ انگوٹھیاں سونا لندن نیو گولڈ مفت انعام جلدی کیجئے ورنہ ایسا موقعہ پھر ہاتھ نہ آئے گا

ہماری مشہور دوائی اصلی جوہر حسن کو لگانے سے ہر جگہ کے بال بغیر تکلیف کے دور ہو جاتے ہیں پھر دوبارہ اس جگہ بال نہیں ہوتے جلد ریشم کی طرح ملائم نرم اور صاف ہو جاتی ہے قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپیہ اس دوائی کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کیساتھ دو انگوٹھی سونا لندن نیو گولڈ اور دو خوبصورت فینسی رسٹ واچ بطور انعام مفت بھیجی جاتی ہیں جلدی فائدہ حاصل کریں مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے تین شیشی کے خریدار کیلئے ڈاک خرچ معاف اور چھ رسٹ واچ اور چھ انگوٹھیاں سونا لندن نیو گولڈ مفت انعام دی جاتی ہے

کالے گورے ہو گئے

اگر آپ اپنے چہرہ یا جلد کا رنگ کالے سے گورا کرنا چاہتے ہیں اور منہ کے بدنما داغ کیل مہاسے، چھائیاں، جھریاں، بدرونقی خشکی وغیرہ کو دور کرکے چہرہ گلاب کی طرح نرم چمکدار اور خوبصورت بنانا چاہتے ہیں تو ہمارا تیار کیا ہوا لندن بیوٹی لوشن استعمال کریں اس سے آپ کے جسم اور چہرے کا رنگ کالے سے گورا ہو جائیگا یہ لوشن عورتوں اور مردوں سب کو خوش کرنیوالا تحفہ ہے قیمت ہر ایک شیشی ایک روپیہ چودہ آنے ہے تین شیشیوں کی قیمت پانچ روپے ڈاک خرچ ایک روپیہ تین شیشی ایک روپیہ الگ ہیں دوا کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کے ساتھ دو فینسی رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سونا لندن نیو گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں مال پسند نہ ہو تو دام واپس کیا جاتا ہے جلدی کریں ورنہ ایسا موقعہ پھر نہ آئے گا

لندن ٹریڈنگ ایجنسی آر۔ ڈی جالندھر شہر پنجاب

جو مانگو گے ملیگا

ایک ہزار روپے انعام

اب آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں آپکے سب کام اپنے آپ ہو جائینگے اور شبھ مہورت میں تیار کی ہوئی ہر تانترک انگوٹھی کو انگلی میں ڈال کر آپ جس سنگدل عورت یا مرد کا نام لیں گے وہ فریفتہ ہو کر آپکے وش میں ہو جائیگا اس کی زیادہ تعریف کرنا سورج کو چراغ دکھانا ہے آپ جسے چاہتے ہیں وہ جہاں کہیں بھی ہو سات سمندر پھاند سات توے توڑ کر آپ کے قدموں میں حاضر ہوگا شتر اور دشمنی کو چھوڑ کر آپکے حکم کی تعمیل کریگا دلپسند سگائی شادی ہوگی خوبصورت عورت ملیگی مرد و زن دونوں سے بچت ہوگی۔ بزرگوں کی زمین میں گڑی ہوئی دولت خواب میں نظر آئے گی مقدمہ میں جیت ہوگی امتحان میں پاس ہونگے بیوپار میں لابھ ہوگا اور تمام ناقص گرہ شانت ہونگے بدقسمتی دور ہوگی خوش قسمت بن جائینگے زندگی سکھ شانتی سے بیتے گی۔ تانترک انگوٹھی 1/15 اسپیشل تین روپیہ سپیشل ریاضت تین روپیہ منگوا لیجئے جس کا ۲۴ گھنٹہ میں فوراً اثر ہوتا ہے سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا۔ ٹھیک نہ ہونے پر واپسی کی گارنٹی ہے غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپے نقد انعام۔

رام پرشاد اٹاوہ، موہن لال کاشی پوری لکھتے ہیں کہ راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ جالندھر سٹی سے منگائی ہوئی تانترک انگوٹھی سے میرا کام پورا ہوا جو بیشمار کوششوں سے نہ ہو سکا تھا اس طرح بہت تعریفی خطوط آئے ہیں اور سینکڑوں سرٹیفکیٹ موجود ہیں۔ ایکبار آپ بھی آزمائش کریں۔

راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ آر۔ ڈی

جالندھر سٹی